پریس ریلیز

ینگ نرسز ایسوسی ایشن جنرل ہسپتال کا انتظامیہ و میڈیکل تنظیموں کے اعزاز میں افطار ڈنر

روزہ انسانی صحت کیلئے بہترین ، افطار میں بسیار خوری سے احتیاط کرنی چاہیے:پروفیسر الفرید ظفر

رمضان المبارک نیکیاں سمیٹنے اور باہم میل جول میں اضافے کا مہینہ ہے : پرنسپل پی جی ایم آئی

اسلام فلاح و نجات کا ضامن ، محروم طبقے کو بھی ان خوشیوں میں یاد رکھیں :پروفیسر خالدمحمود

نرسنگ کالج وسکولوں میں طالبات کو بہترین تعلیم و تربیت کے مواقع میسر ہیں : ڈی جی نرسنگ منزہ چیمہ

لاہور15اپریل:......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ روزہ انسانی صحت کیلئے بہترین عمل ہے جس سے جسم میں تطہیر کے ساتھ ساتھ جسمانی اعضاء کوتقویت ملتی ہے البتہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم سارا دن خالی پیٹ رہنے کے بعد افطار میں بسیار خوری میں احتیاط برتیں اور بالخصوص تلی ہوئی اشیاء اور مصنوعی ڈرنکس سے اجتناب کریں تا کہ ہم روزے کی اصل روح اور حقیقی فوائد سے بہرہ مند ہوسکیں۔

ان خیالات کا اظہار پروفیسر الفرید ظفر نے نرسنگ ہاسٹل جنرل ہسپتال میں افطار ڈنر کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جس کا اہتمام ینگ نرسز ایسوسی ایشن کی صدر خالدہ تبسم و دیگر عہدیداروں نے کیا۔افطار ڈنر میں ای ڈی پنز پروفیسر خالد محمود، ڈائریکٹر جنرل نرسنگ منزہ چیمہ ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم، ڈاکٹر عبدالعزیز، نرسنگ آفیسرز، وائی ڈی اے، وائی این اے، پاکستان ہیلتھ سپورٹ ایسوسی ایشن کے عہدیداران اور صوبائی دارالحکومت کے ہسپتالوں کی نرسز کی بڑی تعداد نے شرکت کی جبکہ خالدہ تبسم نے مہمانوں کا استقبال کیا۔

اس موقع پر پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ رمضان المبارک نیکیاں سمیٹنے اور باہم میل جول میں اضافے کا مہینہ ہے اور خوش قسمتی سے روزہ افطار کروانے کی مثبت روائیت میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے جو انتہائی خوش آئند امر ہے۔انہوں نے کہا کہ دفاتر اور اداروں میں اپنے ساتھیوں کے ہمراہ مل بیٹھنا اور کھانے پینے کا اہتمام کرنا خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے ہوتا ہے جس کا اجر انہیں ضرور ملے گا۔

ای ڈی "پنز "پروفیسر خالد محمود نے کہا کہ دین اسلام رحمت، نظام فطرت اور مذہب انسانیت ہے اس کی تعلیمات بنی نوع آدم کی فلاح اور نجات کی حقیقی ضامن ہے۔انہوں نے کہا کہ رمضان کریم نیکیوں کا موسم بہار ہے ہمیں چاہیے کہ محروم طبقے اور دکھی انسانیت کا خصوصی خیال رکھیں بالخصوص انہیں عید کی خوشیوں میں بھی شامل کریں۔ڈی جی نرسنگ منزہ چیمہ کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب مریضوں کی فلاح و بہبود اور طبی عملے کے لئے انقلابی اقدامات اٹھا رہی ہے جبکہ صوبے بھر کے نرسنگ کالج وسکولوں میں طالبات کو بہترین تعلیم و تربیت کے مواقع میسر ہیں۔انسٹرکٹر ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اپنا مثبت کردار ادا کریں تا کہ وہ عملی زندگی میں دکھی انسانیت کی بہتر خدمت کر سکیں۔ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم نے کہا کہ کورونا وبا کے دوران ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس نے اپنی جانیں ہتھیلی پر رکھ کر دوسروں کی زندگیاں محفوظ کیں، انہیں اسی جذبے اور لگن کے ساتھ اپنے فرائض منصبی سرانجام دیتے رہنا چاہیے اور اُس مشن کی تکمیل میں سرگرم عمل رہنا چاہیے جس کا انہوں نے عہد کر رکھا ہے۔اس موقع پر پرنسپل نرسنگ کالج ایل جی ایچ رمضان بی بی، نرسنگ سپرنٹنڈنٹ مسز میمونہ ستار، اسسٹنٹ ڈائریکٹر بشریٰ مقبول، روبینہ کوثر، شمشاد نیازی، انور سلطانہ و دیگر موجود تھیں۔

☆☆☆☆

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کا افطار ڈنر کے موقع پر ڈی جی نرسنگ منزہ چیمہ و دیگر نرسنگ آفیسرز کے ساتھ گروپ فوٹو